۱/۱/۳

قانون انسداد امراض

گلینڈرس فارسی و اپیزوٹک لمفنجائٹس

ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۱) سنہ ۱۳۳۶ ف

مندرجہ جریدہ اعلامیہ سرکار عالی مورخہ ۲۵ آبان سنہ ۱۳۳۶ ف نمبر (۴۰) صفحہ ۱۱۱ جزو ثالث

بارگاہ اعلیٰحضرت بندگانعالی متعالی مدظلہم العالی سے بتاریخ ۱۱ آبان سنہ ۱۳۳۳ ف منظور فرمایا گیا

بتطابق دفعات قانون سرکار عالی نشان (۱) سنہ ۱۳۳۶ ف یا دفعات ایکٹ سرکار عظمت مدار نمبر (۱۳) سنہ ۱۸۹۹ء

مؤلفہ

محمد غلام رسول صاحب قریشی مددگار رجسٹرار ہائیکورٹ سرکار عالی

مطبوعہ بابت سنہ ۱۳۴۰ ف

رہبر دکن برقی پریس واقع افضلگنج حیدرآباد دکن میں طبع ہوا

قیمت (۲)

قانون انسداد امراض گلینڈرز فارسی و اپیزوٹک لمفنجائیٹس

ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۱) سنہ ۱۳۳۹ ف

مندرجہ جریدہ اعلامیہ سرکار عالی جلد (۶۰) حیدرآباد دکن ۲۵ آبان سنہ ۱۳۳۹ ف م ۲۶ ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۸ ھ

نمبر (۴۸) الجزو ثالث صفحہ

اعلیحضرت بندگان عالی متعالی ظلہم العالی

پیشگاہ سے بتاریخ ۱۱ آبان سنہ ۱۳۳۹ ف منظور فرمایا گیا

مولفہ

جناب محمد غلام رسول قریشی مددگار محاسب ہائیکورٹ

۱۳۳۸ف

فہرست دفعات قانون انسداد امراض گلینڈرس فارسی و اپیزوٹک لمفنجائٹیس سرکار عالی نشان

دفعات	خلاصہ مضمون	صفحات
	تمہید ۔	۱
۱	مختصر نام و تاریخ نفاذ و تنسیخ ۔	”
۲	تعریفات ۔	۲
۳	سرکار عالی کا اختیار نسبت تقرر عہدہ داران ۔	”
۴	اختیار عہدہ داران نسبت معائنہ ۔	”
۵	مالک یا قابض معائنہ کی اجازت دیگا ۔	”
۶	مبتلا گھوڑوں کے متعلق عہدہ داروں کے اختیارات ۔	۳
۷	طویلہ پاک صاف کرانے کے اخراجات مثل جرمانہ کے وصول ہو سکیں گے ۔	”
۸	اخراجات خوراک وغیرہ مالک ادا کرے گا ۔	”
۹	گھوڑے کی نعش کے دفن کرنے کا انتظام ۔	۴
۱۰	سرکار عالی کا ذمہ داری سے محفوظ ہونا ۔	”
۱۱	عہدہ دار کی مزاحمت کی بابت سزا ۔	”
۱۲	دق کرنے کی غرض سے عہدہ داران سررشتہ عمل کریں تو اُس کی سزا ۔	”
۱۳	نیک نیتی سے جو افعال کئے گئے ہوں اُن کی بابت حفاظت ۔	۵
۱۴	سرکار عالی کا اختیار نسبت ترتیب قواعد ۔	”

فہرست مطابقت دفعات قانون انسداد مرض سرا نشان ۱ بابتہ ۱۳۳۷ف با دفعات ایکٹ نمبر ۱۳ بابتہ ۱۸۹۹ء

دفعات	دفعات
قانون انسداد مرض سرا	ایکٹ نمبر ۱۳ سنہ ۱۸۹۹ء
۱	۱
۲	۳
۳	۴
۴	۵
۵	×
۶	۷
دفعہ ۶ ضمن ۷	۸
۷	۹
۸	×
۹	۸
۱۰	×
۱۱	۱۳
۱۲	×
۱۳	۱۶
۱۴	۱۴ ۱۵ ۱۶ ۱۷

قانون انسداد مرض سر اگلینڈرس فارسی و ایپیز وٹک ملفنجائیٹس

ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۱) ۱۳۳۸ف

مندرجہ جریدہ اعلامیہ سرکار عالی جلد (۶۰) حیدرآباد دکن ۲۵ آبان ۱۳۳۸ف م ۲۶ ربیع الثانی ۱۳۴۷ھ

نمبر (۴۸) الجزو ثالث صفحہ (   )

منجانب معتمد سرکار عالی صیغہ قانونی — نشان مثل (۴۹) بابتہ ۱۳۳۶ف

پیشگاہ اعلیحضرت مدظلہم العالی سے بتاریخ ۱۳ آبان ۱۳۳۸ف منظور فرمایا گیا

تمہید

ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ گھوڑوں خچروں اور گدھوں میں مرض سر اگلینڈرس فارسی و ایپیز وٹک ملفنجائیٹس کے انسداد کے متعلق قانون وضع کیا جائے لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے :-

مختصر نام و تاریخ نفاذ و توسیع

دفعہ ۱ - (۱) یہ قانون بنام "قانون انسداد مرض سر اگلینڈرس فارسی و ایپیز وٹک ملفنجائیٹس ممالک محروسہ سرکار عالی" موسوم ہوسکیگا اور تاریخ اشاعت جریدہ سے

ایکٹ ۱۳ بابتہ ۱۸۹۹ع

کل ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا۔ اور قانون نشان (۹) بابتہ ۱۳۲۹ف منسوخ ہوگا۔

تعریفات

ر دفعہ ۱ — **دفعہ ۲** ۔ قانون ہذا میں بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو۔

(**الف**) (۱) لفظ "مبتلا" سے گھوڑوں کا مرض سراگلینڈرس فارسی واپیزوٹک لمفنجائٹیس میں مبتلا ہونا مراد ہے۔

(۲) قانون ہذا کے احکام جو گھوڑوں سے متعلق ہیں وہ خچروں اور گدھوں سے متعلق ہوں گے۔

(**ب**) ۔ لفظ "مالک" سے کسی ایسے گھوڑے کا مالک مراد ہے جو مرض سراگلینڈرس فارسی واپیزوٹک لمفنجائٹس میں مبتلا ہو۔

(**ج**) ۔ لفظ "قابض" سے داروغہ سائیس یا ملازم مراد ہے جس کے ذمہ کسی ایسے گھوڑے کی داشت یا نگرانی ہو جو مرض سراگلینڈرس فارسی واپیزوٹک لمفنجائٹس میں مبتلا ہو۔

(**د**) لفظ "ناظم" سے ناظم سررشتہ علاج حیوانات سرکار عالی مراد ہے۔

(**ہ**) لفظ "عہدہ دار" سے عہدہ دار سررشتہ علاج حیوانات سرکار عالی مراد ہے۔

سرکار عالی کا اختیار نسبت تقرر عہدہ داران۔

۔ دفعہ ۳ — **دفعہ ۳** ۔ سرکار کو اختیار ہوگا کہ قانون ہذا کی اغراض کے لئے مہتمم نائب مہتمم وانسپکٹر مقرر کرے۔

اختیار عہدہ داران نسبت معائنہ

۔ دفعہ ۵ — **دفعہ ۴** ۔ ہر مہتمم یا نائب مہتمم وانسپکٹر اپنے حدود کے اندر اس امر کا اطمینان کرنے کے لئے کہ آیا کوئی گھوڑا مبتلا ہے بپابندی قواعد جو اس بارہ میں جاری کئے جائیں کسی مکان اراضی یا احاطہ میں داخل ہو کر اس کا معائنہ کرسکیگا۔

مالک یا قابض معائنہ کی اجازت دیگا۔

۔ دفعہ ۶ — **دفعہ ۵** ۔ ہر مالک یا قابض پر لازم ہوگا کہ

ناظم کے تحریری وثیقہ پر عہدہ داران سررشتہ کو اپنے مکان اراضی یا احاطہ میں بلا مزاحمت آنے اور معائنہ کرنے کی اجازت دے۔

" دفعہ مبتلا گھوڑوں کے متعلق عہدہ داروں کے اختیارات

دفعہ ۶ ۔ مہتمم ۔ نائب مہتمم و انسپکٹر مجاز ہوگا کہ ۔

(۱) کسی گھوڑے کا طبی معائنہ کرے۔

(۲) بغرض تشخیص مناسب مدت تک کسی گھوڑے کو زیر معائنہ رکھے۔

(۳)۔ کسی گھوڑے کو حسب ضرورت علٰحدہ مقام پر رکھنے اور علاج کرنے کا انتظام کرے۔

(۴) کسی طویلہ یا چھپر اور مقام کو جہاں کوئی مبتلا گھوڑا پایا گیا ہو پاک و صاف کرنے کا حکم دے۔

(۵)۔ کسی سامان یا ظروف کو جو کسی مبتلا گھوڑے کے استعمال کے لئے مقصود ہوں پاک وصاف کرائے یا حسب ضرورت تلف کرائے۔

(۶)۔ کسی دانہ چارہ لید یا کچرے کو اگر اُس سے مرض پھیلنے کا اندیشہ ہو بقدر ضرورت جلائے۔

" دفعہ ۸ (۷)۔ اگر گھوڑا ایسی حالت میں ہو کہ اُس کی شفا کی اُمید نہ ہو تو اُس کے ہلاک کئے جانے کے متعلق تحریری حکم دے اور ناظم کو مطلع کرے۔

" دفعہ طویلہ پاک و صاف کرانے کے اخراجات مثل جرمانہ کے وصول ہو سکیں گے۔

دفعہ ۷ ۔ جب حسب دفعہ (۶) ضمن (۴) کوئی حکم دیا جائے اور اُس کی تعمیل مناسب مدت کے اندر مالک یا قابض نہ کرے تو مہتمم نائب مہتمم یا انسپکٹر مجاز ہوگا کہ وہ سررشتہ علاج حیوانات کے ذریعے طویلہ یا چھپر یا اور مقام کو جہاں کوئی مبتلا گھوڑا پایا گیا ہو پاک و صاف کرائے اور اُس کے اخراجات مالک یا قابض سے مثل جرمانہ کے وصول کئے جا سکیں گے۔

دفعہ x اخراجات خوراک وغیرہ مالک ادا کرے گا۔

دفعہ ۸ ۔ جس تاریخ سے گھوڑا حسب

دفعہ (۶) ضمن (۲) نگرانی اور علاج کی غرض سے سررشتہ علاج حیوانات کی نگرانی میں رکھا جائے اُس تاریخ سے تاریخ واپسی تک کے جو اخراجات عائد ہوں اُن کی ادائی مالک پر لازمی ہوگی۔

گھوڑے کی نعش کے دفن کرنے کا انتظام۔

،، دفعہ ۸ — **دفعہ ۹**۔ جب کوئی گھوڑا زیر نگرانی سررشتہ مذکور مر جائے تو سررشتہ مذکور کی جانب سے فوراً اوس کی نعش کے بخرچ سرکار عالی جلانے یا سطح زمین سے کم از کم چھ فیٹ نیچے دفن کرنے کا انتظام کیا جائے گا۔

سرکار عالی کا ذمہ داری سے محفوظ ہونا۔

،، دفعہ x — **دفعہ ۱۰**۔ جب کوئی گھوڑا نگرانی کی حالت میں مر جائے یا ہلاک کیا جائے تو اُس کی نسبت سرکار عالی کو کسی نقصان یا معاوضہ کے ادا کرنے کی ذمہ داری نہ ہوگی۔

عہدہ دار کی مزاحمت کی بابت سزا۔

،، دفعہ ۱۳ — **دفعہ ۱۱**۔ عہدہ دار سررشتۂ علاج حیوانات کے فرائض کی انجام دہی میں جو شخص عمداً مانع یا مزاحم ہوگا اُس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی تعداد مبلغ (صـ ۶) تک ہو سکے گی۔

دق کرنے کی غرض سے عہدہ داران سررشتہ عمل کریں تو اُس کی سزا۔

،، دفعہ x — **دفعہ ۱۲**۔ (۱) کوئی عہدہ دار سررشتہ علاج حیوانات سرکار عالی جو بغرض دق کرنے کی غرض سے کسی مکان کے احاطہ یا اراضی میں داخل ہو یا معائنہ کرے یا کسی گھوڑے کو اس بہانے سے کہ وہ مبتلا ہے اپنی نگرانی میں لے یا رکھے اُس کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد چھ ماہ تک ہو سکے گی یا جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی تعداد (صما) تک ہو سکے گی یا دونوں سزا دی جائے گی۔

(۲) حسب ضمن (۱) کوئی استغاثہ تاریخ وقوع جرم سے تین مہینے کے بعد رجوع نہ ہو سکے گا۔

۱۸/۱۳

دفعہ ۱۶

نیک نیتی سے جو افعال کئے گئے ہوں اُن کی بابت حفاظت۔

دفعہ ۱۳۔ کوئی دیوانی یا فوجداری مقدمہ یا کوئی قانونی کارروائی کسی عہدہ دار کے مقابلہ میں کسی ایسے فعل کی بابت دائر نہ ہوسکے گی جو نیک نیتی سے تحت قانون ہذا کیا گیا ہو یا کیا جانا مقصود ہو۔

دفعہ ۱۷

سرکار عالی کا اختیار نسبت ترتیب قواعد۔

دفعہ ۱۴۔ قانون ہذا کی اغراض کے لئے سرکار عالی قواعد مرتب کرسکے گی ایسے قواعد منجملہ اور امور کے اِس امر کے متعلق بھی ہوسکیں گے کہ امراض متذکرۂ قانون ہذا کا انسداد ہوسکے

ہاشم یار جنگ

معتمد